نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں گندم کی کاشت کی مہم جاری

صوبہ پنجاب میں 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر گندم کی کاشت یقینی بنائی جائے گی، وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: **10 نومبر 2026**( )وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ساہیوال میں گندم کی کاشت کے اہداف اور انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا، جس میں اراکین صوبائی اسمبلی پیر سید ولایت حسین شاہ، نوید اسلم لودھی، سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں، کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر محمد آصف طفیل، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں، شہباز اختر اور ڈاکٹر عامر رسول، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی و دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے، جبکہ پاکپتن سے ممبر صوبائی اسمبلی جاوید چوہدری نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس میں گندم کی کاشت کے اہداف، کھادوں کی دستیابی، کاشتکاروں کو درپیش مسائل اور انتظامی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر صوبہ بھر میں گندم کی کاشت کی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کر کے کاشتکاروں کو ایک واضح معاشی پیغام دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کاشتکاروں کے مفادات کے تحفظ اور انہیں گندم کی کاشت کی جانب راغب کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سیزن کے دوران صوبہ بھر میں ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر گندم کی کاشت یقینی بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ ساہیوال ڈویژن کے لیے 8 لاکھ 65 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت کا ہدف رکھا گیا ہے۔

صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام، گھوڑی پال پروگرام اور نمبرداری گرانٹ کے تحت مختص رقبوں پر بھی گندم کی کاشت ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ حکومت پنجاب کھادوں کی مینوفیکچرنگ، درآمد اور صوبہ بھر میں بروقت فراہمی کے حوالے سے وفاقی حکومت سے مسلسل رابطے میں ہے اور ربیع

سیزن کے لیے کھادوں کے وافر ذخائر دستیاب ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر گندم کی خریداری کا طریقہ کار 15 مارچ تک وضع کر دیا جائے گا تا کہ کاشتکاروں کو بروقت پالیسی اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا جا سکے۔ وزیر زراعت نے متعلقہ افسران کو مزید ہدایت کی کہ گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف کے حصول میں کوئی کوتاہی نہ برتی جائے اور کاشتکاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائی

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے کہا کہ صوبہ بھر میں کھادوں کی مقررہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔تمام فرٹیلائزر ڈیلرز کی دکانوں پر سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے، جبکہ کھادوں کی طلب، رسد اور قیمتوں کی مسلسل نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کھادوں کی دستیابی اور مقررہ نرخوں پر فروخت کے حوالے سے فیلڈ میں مؤثر مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے۔

اس موقع پر کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر محمد آصف طفیل نے کہا کہ ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے محکمہ زراعت کے ساتھ مل کر فعال اور عملی کردار ادا کرے گی۔اس ضمن میں تمام اضلاع میں مربوط اقدامات اور فیلڈ سطح پر نگرانی کو یقینی بنایا جائے گا۔

☆☆☆☆